پریس ریلیز

محرم الحرام ہمیں صبر و تحمل اور قربانی کا درس دیتا ہے : پرنسپل پی جی ایم آئی

جنرل ہسپتال انتظامیہ و سٹاف کو یوم عاشور تک الرٹ رہنے کی ہدایت

ایمرجنسی میں اضافی عملہ تعینات، جان بچانیوالی ادویات اور بلڈ بینک وافر سٹاک رکھیں: پروفیسر الفرید ظفر

زنجیر زنی سے متاثرہ افراد کیلئے الگ بستر مختص، دیگر مریضوں کا علاج بھی جاری رہے گا: سربراہ جنرل ہسپتال

9 اگست تک شعبہ ایمرجنسی کے ملازمین ایم ایس کی اجازت کے بغیر چھٹی نہیں کر سکیں گے: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 03 اگست:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ یوم عاشورہ ہمیں صبر و تحمل اور قربانی کا درس دیتا ہے اور ہمیں اس دن کی مناسبت سے اپنی ذمہ داریوں کا بھی احساس کرنا چاہیے۔ انہوں نے جنرل ہسپتال انتظامیہ، سٹاف اور شعبہ ایمرجنسی کے ملازمین کو الرٹ رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ 09 اگست تک شعبہ ایمرجنسی کے ملازمین میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی اجازت کے بغیر چھٹی نہیں کر سکیں گے جبکہ 9ویں اور 10ویں محرم الحرام کو شعبہ حادثات میں اضافی عملہ تعینات ہوگا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے ایم ایس ایل جی ایچ کو ہدایت کی کہ زنجیر زنی سے متاثرہ افراد کو فوری طور طبی امداد بہم پہنچانے کے لئے خصوصی انتظامات کیے جائیں اور عزاداروں کے لئے الگ بستر مختص کیے جائیں تاکہ ان ایام میں آنے والے دیگر مریضوں کا علاج معالجہ بھی جاری رکھا جا سکے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے اے ایم ایس فارمیسی کو شعبہ حادثات میں جان بچانے والی ادویات کا وافر سٹاک مہیا کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے انچارج بلڈ بینک سے بھی کہا کہ وہ یوم عاشور تک مختلف گروپس کے خون کا وافر مقدار میں سٹاک رکھیں تاکہ ضرورت پڑنے پر کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ 8 اور 9 اگست کو آؤٹ ڈور بند ہوگا اور یہاں کے عملے کی آؤٹ ڈور بند ہونے کے باعث ایمرجنسی میں ڈیوٹیاں لگائی جائیں گی۔

پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ جنرل ہسپتال ہر سال کی طرح اس سال بھی 10 محرم الحرام کے موقع پر کسی بھی صورتحال کے لئے اپنے انتظامات مکمل رکھے گا اور بالخصوص زائرین کے لئے بہترین طبی سہولتوں کا بندوبست یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے ہسپتال کے سکیورٹی سٹاف کو بھی ہدایت کی کہ وہ عاشورہ کے دوران خصوصی طور پر چوکس رہیں اور اپنے فرائض پوری تندہی کے ساتھ سرانجام دیں تاکہ ہسپتال میں آنے والے زائرین اور مریضوں کو کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے جبکہ شعبہ ورکس کو بھی جنریٹر آپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تینوں شفٹوں میں ملازمین ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ انہوں نے واضح کہا کہ اگر ان ایام میں کوئی ملازم ڈیوٹی سے غیر حاضر ہوا تو اس کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆☆☆☆